نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور سیکرٹری آبپاشی پنجاب واصف خورشید کی زیرِ صدارت لاہور میں جنوبی پنجاب کی نہروں میں پانی کی فراہمی سے متعلق جائزہ اجلاس کا انعقاد

لاہور21جون2023:سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور سیکرٹری آبپاشی پنجاب واصف خورشید کی زیرِ صدارت لاہور میں جنوبی پنجاب کی نہروں میں پانی کی فراہمی کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے اجلاس کا انعقاد ہوا۔صوبائی سیکرٹریز نے جنوبی پنجاب میں کپاس کی فصل کے لئے نہری پانی کی فراہمی کی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ کپاس کے پیداواری ہدف کے حصول کیلئے جنوبی پنجاب کی نہروں میں پانی کی فراہمی نہایت اہم ہے۔جنوبی پنجاب کے تین ڈویژن بہاولپور، ملتان اور ڈیرہ غازی خان میں 40 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ کپاس کے زیرِ کاشت لایا جا چکا ہے اور اب فصل کی بہتر مینجمنٹ کے اس نازک مرحلہ پر پانی کی فراہمی ازحد ضروری ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ کاٹن سیزن کے دوران نہری پانی کی فراہمی کا وعدہ پورا کیا جا رہا ہے اور اس کے لئے محکمہ زراعت اور آبپاشی مل کر کام کر رہے ہیں۔اس کے علاوہ کپاس کی بہتر مینجمنٹ کیلئے محکمہ زراعت کی فیلڈ ٹیمیں کاشتکاروں کے شانہ بشانہ شریک ہو کر فنی راہنمائی فراہم کر رہی ہیں۔اس موقع پر سیکرٹری آبپاشی واصف خورشید نے کہا کہ محکمہ آبپاشی ترجیحی بنیادوں پر کاٹن سیزن کے دوران جنوبی پنجاب کو اس کے حصے سے زائد پانی فراہم کر رہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ امسال محکمہ آبپاشی کے سسٹم میں 27 فیصد پانی کی کمی ہے تاہم بہتر منصوبہ بندی سے جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کو پانی کی فراہمی جاری رہے گی تا کہ کپاس کا پیداواری ہدف با آسانی حاصل ہو سکے۔

☆☆☆☆